پریس ریلیز

29-07-2024

عزت مآب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ، پشاور نے ڈسٹرکٹ کورٹس، اورکزئی کا اچانک دورہ کیا۔

جناب جسٹس اشتیاق ابراہیم، عزت مآب چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ، پشاور نے آج بروز پیر 29 جولائی 2024 کو ڈسٹرکٹ کورٹس، اورکزئی کا دورہ کیا۔ سید عبید اللہ شاہ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، اورکزئی نے معزز چیف جسٹس کو ضلع کے زیر التواء مقدمات کو نمٹانے اور ضلعی عدالت ہائے اورکزئی اور تحصیل عدالت کلایہ کے لیے تاحال اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ جناب چیف جسٹس نے زیر سماعت قیدیوں اور دیگر کیسز نمٹانے کے حوالے سے ضلعی عدلیہ کی کارکردگی کو سراہا۔ ڈسٹرکٹ بار اورکزئی کا کوئی بھی نمائندہ اس دوران موجود نہ تھا کیونکہ جملہ ممبران ہر پیر کو تحصیل کلایہ میں اپنے مقدمات کی پیروی کرتے ہیں۔

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، سینئر سول جج اورکزئی ضلعی عدالتوں کے دورے کے دوران جناب چیف جسٹس کے ہمراہ تھے اور اس نے عدالت کے احاطے میں ہر عدالت اور متعلقہ دفاتر کا دورہ کیا اور اس دوران ضلعی عدالت کے خاتون اہلکار کو میسر سہولیات کو سراہا گیا۔ عزت مآب چیف جسٹس کو اس دوران ضلع اورکزئی میں CFMIS کیلئے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہ کیا گیا اور مذکورہ سہولت کی فعالیت تحصیل کلایہ میں انٹرنیٹ کی عدم دستیابی سے مشروط کی گئی ہے جو کہ تاحال کلایہ میں میسر نہیں جسکی وجہ سے یہ نظام غیر فعال ہے۔

بعد ازاں، معزز چیف جسٹس نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اورکزئی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل کا دورہ کیا اور ہر بیرک خاص طور پر جووینائل بیرک کا ذاتی طور پر معائنہ کیا اور دورے کے دوران قیدیوں کے مسائل کو تفصیل سے سنے۔ جیل اتھارٹی کے خلاف یا ان کے زیر التوا مقدمات کے بارے میں کوئی شکایت نہیں کی گئی۔ صرف ایک مسئلہ لوڈشیڈنگ کا تھا۔ معزز چیف جسٹس نے جیل اتھارٹی کو متعلقہ محکمے کے ساتھ معاملہ اٹھانے اور اس کے حل کی ہدایت کی۔

آخر میں، محترم چیف جسٹس صاحب نے ضلعی عدالت ہائے اورکزئی کے صحن میں 'چیڑ پاین' کا پودا لگایا اور دعائے خیر طلب کی۔ اسکے ساتھ ہی عزت مآب چیف جسٹس نے اپنا دورہ مکمل کیا اور اپنے منزل کی جانب رواں ہوئے۔

NO FEAR